نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 21, 2006)

امریکہ کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کا زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

اسلام آباد (21 ِ مارچ 2006ء) ___ اب جبکہ پاکستان میں زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امریکہ کا امدادی مشن اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے امریکہ کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف جنرل پیٹر پیس Peter Pace نے پاکستان میں ہنگامی امداد کے امریکی مرکز کے کمانڈر ریئر ایڈمرل مائیکل لی فیور اور فیڈرل ریلیف کمیشن کے ڈائریکٹر میجر جنرل فاروق کے ہمراہ زلزلہ سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔

اس دورہ کے دوران جنرل پیٹر پیس Peter Pace نے علاقہ میں امریکی ہنگامی امداد کے مرکز کے امدادی کاموں کا بھی جائزہ لیا۔

چیئرمین پیٹر پیس نے مظفر آباد ائیر پورٹ پر قائم ریپڈ ری فیولنگ پوائنٹ پر امریکی فوجیوں کے آخری دستے سے ملاقات کی۔ ایندھن بھرنے کا یہ مرکز آئندہ ہفتے کے اوائل میں پاک فوج کے حوالے کر دیا جائے گا۔ امریکہ اب تک امدادی سرگرمیوں اور تعمیر نو کے سلسلہ میں کی گئی پروازوں کے لئے دس لاکھ گیلن سے زیادہ ایندھن فراہم کر چکا ہے۔

اسلام آباد ہیلی پورٹ پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جنرل پیٹر پیس Peter Pace نے امدادی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے بتایا کہ کس طرح امریکی اور پاکستانی افواج نے ایک ٹیم کی طرح مل کر سینکڑوں افراد کی جانیں بچائیں اور ایک ناممکن کام کو ممکن بنا دیا۔

امریکی فوج زلزلہ کے اڑتالیس گھنٹوں کے اندر پاکستان پہنچ گئی۔ اس وقت سے اب تک امریکی فوج نے پانچ ہزار سے زیادہ امدادی پروازیں کیں۔ پندرہ ہزار ٹن امدادی سامان متاثرہ علاقوں میں پہنچایا۔ تیس ہزار مریضوں کا علاج کیا۔ بیس ہزار پاکستانیوں کو حفاظتی ٹیکے لگائے اور چالیس ہزار ٹن سے زیادہ ملبہ ہٹایا۔

جنرل پیٹر پیس نے کہا کہ ' آپریشن لائف لائن ' سے امریکی فوج اور پاکستان کی عوام کے مابین دوستی کا ایک لازوال رشتہ استوار ہو گیا ہے۔

فی الوقت، 200 سے بھی کم امریکی فوجی مرد و زن پاکستان میں زلزلہ سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں میں اعانت کر رہے ہیں۔

31 ِ مارچ کو امریکی فوج مکمل طور پر پاکستان سے چلی جائے گی جبکہ امریکی چینوک CH-47 ہیلی کاپٹرز کی امدادی پروازیں بھی بند کر دی جائیں گی اور انہیں دیگر مقامات پر نئی ذمہ داریاں سونپی جائیں گی۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3